AQF / Shabbir

01-12-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے بھونیشور میں پولیس اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ سیکیورٹی سے متعلق معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

.2 سمندری طوفان فینجل 70 سے 80 کلو میٹر فی گھنٹے کی تیز ہواؤں کے ساتھ شمالی تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلوں کو پار کر گیا ہے۔ اس طوفان کے کمزور ہوجانے کا امکان ہے۔

.3 مرکزی وزیر نتن گڈکری اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اگلے مہینے شروع ہونے والے مہا کنبھ کیلئے اہم سڑک پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

.4 امریکہ کے منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وفاقی تحقیقاتی بیورو FBI کی سربراہی کیلئے بھارت نژاد امریکی کاش پٹیل کو نامزد کیا ہے۔

.5 عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ہاکی ایشیاء کپ میں بھارت نے چینی تائپی کو صفر کے مقابلے 16 گول سے کراری شکست دی۔

.6 پی وی سندھو اور لکشیہ سین لکھنؤ میں جاری سید مودی بین الاقوامی بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-SECURITY CONFERENCE

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل بھونیشور میں پولیس اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ پولیسنگ اور سلامتی سے متعلق مختلف معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تجاویز پیش کیں۔ جناب مودی نے اڈیشہ میں منعقدہ پولیس کے ڈائریکٹرس جنرل اور انسپکٹرس جنرل کی سالانہ تین روزہ کل ہند کانفرنس میں شرکت کی۔ وزیراعظم آج لگاتار دوسرے دن سلامتی سے متعلق

کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ کل جناب مودی نے بند کمرے میں منعقدہ کانفرنس کے دوسرے دن ملک بھر کے پولیس اور انٹیلیجنس کے سربراہوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ اس کانفرنس میں بھارت کی ترقی میں خلل ڈالنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کر نے والی بھارت مخالف طاقتوں، روایتی چیلنجز مثلاً سرحد پار کی دہشت گردی اور اسمگلنگ، قدامت پرستی کی سرگرمیوں اور بائیں بازو کی انتہا پسندی جیسے قومی سلامتی سے متعلق مختلف اُمور پر تفصیل سے غور وخوض کیا گیا۔

جناب مودی نے پولیسنگ کے مختلف پہلوؤں پر اپنی تجاویز پیش کیں۔ ان تجاویز کو اگلے ایک سال میں نافذ کرنے کیلئے تمام ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور مرکزی ایجنسیوں کو بھیجا جائے گا۔ سکیورٹی کے اعلیٰ حکام نے وزیراعظم کو جے پور میں گزشتہ سال منعقد ہوئی کانفرنس کے دوران سامنے آنے والے مختلف سکیورٹی امور کی پیش رفت کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھونیشور میں پولیس کے ڈائرکٹرس جنرل اور انسپکٹرس جنرل کی کُل ہند کانفرنس میں پہلے دن ان کی بات چیت نہایت مفید اور ثمرآور رہی۔×

**CYCLONE**

جنوب مغربی خلیج بنگال سے اٹھنے والا سمندری طوفان **Fengal** کل رات **Karaikal** اور مہابلی پورم کے درمیان تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلوں تک پہنچ گیا۔ یہ سمندری طوفان **70** سے **80** کلو میٹر فی گھنٹے کی تیز ہواؤں اور **90** کلو میٹر فی گھنٹے کی جھکّڑ دار ہواؤں کے ساتھ رات ساڑھے دَس بجے اور ساڑھے گیارہ بجے کے درمیان شمالی تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلوں کو پار کر گیا۔ یہ طوفان رفتہ رفتہ مغرب-جنوب مغرب کی سمت بڑھتا رہے گا اور بتدریج کمزور پڑ جائے گا۔ طوفان کے سبب شمالی تمل ناڈو اور پڑوس کے پڈوچیری کے علاقوں میں جھکّڑ دار ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **VC- Joy**

*سمندری طوفان کے ساحل پر پہنچنے کے بعد 14 گھنٹے کے بعد آج صبح فضائی خدمات بحال کردی گئی ہیں۔ ریاستی حکومت کی ملکیت والی بسوں نے آج اپنی خدمات بحال کردی ہیں۔ ساحلی علاقوں میں طوفان کے سبب شدید بارش ہوئی ہے۔ کچھ علاقوں میں تقریباً 20 سینٹی میٹر بارش اور کچھ علاقوں میں 20 سینٹی میٹر سے بھی زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق ریل پٹریوں پر پانی کی نکاسی کے بعد ریل خدمات بحال کردی جائیں گی۔ بجلی کے محکمے نے کہا ہے کہ ریاست کے چار شمالی ضلعوں میں اس مہینے کی 10 تاریخ تک بجلی کے بل کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ کُل تین لوگ بارش سے وابستہ واقعات میں بجلی کی زَد میں آگئے۔ آبی ذخائر میں فاضل پانی کو چھوڑ دیا گیا ہے۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی شکایات درج کرانے کیلئے ٹول فری نمبرس پر رابطہ کریں۔ زولوجیکل پارک کو رکھ رکھاؤ کیلئے بند کردیا گیا ہے۔ سمندری طوفان سے متاثرہ 7 ضلعوں میں 500 طبی کیمپ لگائے جائیں گے۔*

ضلع کلکٹروں سے کہا گیا ہے کہ وہ لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ کریں۔ چنئی اور آس پاس کے علاقوں میں ہلکی بارش ہورہی ہے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کیلیے میں ......

**GADKARI-ADITYANATH**

مرکزی وزیر نتن گڈکری اور اترپردیش کے وزیراعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے ریاست میں سڑک بنیادی ڈھانچے کے اہم پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خاص طور پر اگلے مہینے پریاگ راج میں شروع ہونے والے مہا کُنبھ میں سہولت فراہم کرنے والے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے کئی پروجیکٹوں کا جائزہ لیا جن میں 63 اعشاریہ ایک سات کلومیٹر طویل رائے بریلی - پریاگ راج قومی شاہراہ کی توسیع، چار مقامات پر فور لین بائی پاس کی تعمیر، پریاگ راج اِنر رِنگ روڈ کے سات اعشاریہ چھ کلومیٹر راستے اور Phaphamau میں گنگا ندی پر موجودہ پُل کے متوازی سِکس لین پُل کی تعمیر شامل ہیں۔

مہا کُنبھ میلہ پریاگ راج میں 13 جنوری سے 26 فروری تک منعقد کیا جائے گا۔ سرکاری تخمینے کے مطابق دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماع میں اس مرتبہ 43 کروڑ سے زیادہ عقیدت مندوں کے پہنچنے کا امکان ہے۔ دونوں رہنماؤں نے جاری کاموں کی بروقت تکمیل پر زور دیا اور افسران کو 25 دسمبر تک سبھی تیاریوں کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اِس کے علاوہ معیار اور حفاظتی اصولوں کی سختی سے پابندی کرنے کی بھی ہدایت دی تھی۔ مہا کمبھ کو بھارت کے مذہبی، ثقافتی اور سماجی ورثے کا امتزاج قرار دیتے ہوئے یوگی آدتیہ ناتھ نے افسران کو CCTV کیمرے نصب کرنے، اسٹریٹ لائٹ لگانے اور اہم شاہراہوں پر حفاظتی اقدامات کرنے کی ہدایات دی۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ایمبولینس، بازیابی گاڑیاں، گشتی عملے اور طبی اور ٹریفک میں آسانی پیدا کرنے والی پوسٹ جیسی اضافی سہولتوں کو ترجیح دی جائے۔x

**MAHAYUTI TAKE OATH**

مہاراشٹر میں نئ منتخبہ مہایوتی حکومت کی حلف برداری تقریب، 5 دسمبر کو شام پانچ بجے ممبئ کے آزاد میدان میں منعقد کی جائے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مہاراشٹر BJP کے صدر چندرشیکھر Bawankule نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی، اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ مہایوتی اتحاد، BJP، شندے کی قیادت والی شیوسینا، اور NCP کے اجیت پوار کے گروپ پر مشتمل ہے اور اس نے حالیہ اسمبلی انتخابات میں 288 میں سے 230 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ BJP ، 132 سیٹوں کے ساتھ سب سے بڑی پارٹی بن کر اُبھری ہے، جبکہ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا نے 57 سیٹیں اور اجیت پوار کی قیادت والی NCP نے 41 سیٹیں جیتی ہیں۔ x

**ASHWINI GUJRAT**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے بھارتی نوجوانوں کیلئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرنے کی غرض سے، صنعتی مانگ کے ساتھ ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ وڈوڈرہ میں ملک کی پہلی لاجسٹکس یونیورسٹی ''گتی شکتی وشو ودیالیہ'' کے دوسرے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ یونیورسٹی آئندہ پانچ برس میں ملک میں چوٹی کی 10 یونیورسٹیوں میں شمار کی جائے گی۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**TRUMP KASH PATEL**

امریکی صدر منتخب ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارتی۔امریکی کاش پٹیل کو فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن FBI کے سربراہ کے طور پر نامزد کیا ہے۔ اس تقرر کے ساتھ ہی جناب پٹیل، ڈونالڈ ٹرمپ کی کابینہ کے لیے منتخب ہونے والے دوسرے بھارتی-امریکی بن گئے ہیں۔ کل رات سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ کاش پٹیل، FBI کے نئے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔ جناب ٹرمپ نے کاش پٹیل کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک ذہین وکیل، تفتیش کار اور America First کے وہ جانباز ہیں جنھوں نے اپنے کیریئر میں بدعنوانی کو بے نقاب کرنے، انصاف کا دفاع کرنے اور امریکہ کے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کا کام کیا۔

**WORLD AIDS DAY**

Acquired Immuno Deficiency Syndrome (AIDS) کے بارے میں عوام میں بیداری پھیلانے کے لیے آج AIDS کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن لوگوں کو HIV کے خلاف مل کر لڑنے کا ایک موقع بھی فراہم کرتا ہے اور HIV میں مبتلا لوگوں کے تئیں حمایت کا اظہار کرنے کا ایک موقع بھی ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا آج مدھیہ پردیش کے شہر اندور میں ورلڈ ایڈس ڈے 2024 کے پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اِس موقع پر مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اِس سال AIDS کے عالمی دن کے موقع پر بیداری پھیلانے، اِس کے علاج کے لیے صحیح طریقوں کو فروغ دینے اور HIV/AIDS سے متاثرہ افراد سے کیے جانے والے امتیازی سلوک کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس سال کی تھیم ہے : صحیح راستہ اپنائیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ نیشنل ایڈس کنٹرول آرگنائزیشن NACO کی جانب سے 1992 سے ہر سال AIDS کا عالمی دن یکم دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ اِس دن کو منانے کا مقصد 2030 تک HIV/AIDS کو ختم کرنے کا عالمی ہدف ہے اور اس سے متعلق چیلنجز سے بھی نمٹنا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Sanjeev**

*اِس سال AIDS کے عالمی دن کے موقع پر اِس سلسلے میں لوگوں میں بیداری پھیلانا اور صحیح طریقوں سے اس کے علاج کے بارے میں لوگوں کی رسائی پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ اِس دن کو منانے کا مقصد 2030 تک عالمی سطح پر HIV/AIDS کو ختم کرنا ہے۔ اِس سال مختلف موثر سرگرمیوں میں، NACO کی جانب سے اختراع پر مبنی ایک نمائش، ڈجیٹل ایکو سسٹم، عوام کی شمولیت، اِس سلسلے میں چلائی گئی مہمات کے ذریعے حاصل کی گئی کامیابیوں سے متعلق ایک پروگرام پیش کیا جائے گا اور مستفیدین کے ذریعے بنائے گئے دستکاری مصنوعات کی اقسام پیش کی جائیں گی۔ اِس پروگرام میں NCAO کا تھیم سونگ بھی لانچ کیا جائے گا۔ اس پروگرام میں پالیسی ساز، حکومت کے نمائندے، سول سوسائٹی، کمیونٹیز، نوجوان اور ترقیاتی ساجھیداروں سمیت مختلف شراکت داروں کو ایک ساتھ لایا جائے گا۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....*

**NAGALAND-STATEHOOD**

ناگالینڈ میں آج ریاست کے 62واں یوم تاسیس کا جشن منایا جا رہا ہے۔ آج ہی کے دن 1963 کو ناگالینڈ بھارت کی 16 ویں ریاست بنا تھا۔ ناگالینڈ کی تاریخ میں اس اہم سنگ میل کا جشن منانے کے لیے ریاست بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا۔ کوہما کے ناگالینڈ سِول سکریٹیرئٹ پلازا میں ریاستی سطح کا جشن منایا جائے گا، جہاں وزیراعلیٰ Neiphiu Rio پچھلی چھ دہائی سے زیادہ عرصے کے دوران ریاست کے سفر روشنی ڈالیں گے اور عوام سے خطاب کریں گے۔ اِس کے علاوہ ریاست کی ترقی کے نظریے کے ساتھ وزیراعلیٰ Rio حکومت اور تعلیم میں بہتری کے مقصد سے متعدد اہم منصوبوں کا آغاز کریں گے۔

جشن میں خصوصی پیشکش اور ثقافتی پروگرام بھی شامل ہیں۔ ناگالینڈ کے گورنر لا گنیسن نے ریاست کے عوام کو یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں گورنر نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ مشکل سے حاصل کیے گئے اِس موقع کی قدر کریں اور اِسے ایک قیمتی تحفہ سمجھ کر اس کی حفاظت کریں۔x

**VP-KANPUR VISIT**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، آج اترپردیش کے کانپور جائیں گے۔ یہاں وہ جے پوریا اسکول کی گولڈن جوبلی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ نائب صدر جمہوریہ IIT کانپور بھی جائیں گے، جہاں اُن کا طلباء اور اساتذہ سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔×

**PM-CONDOLENCE**

وزیراعظم نریندر مودی نے محقق ڈاکٹر Prithwindra مکھرجی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر مکھرجی ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے دانشوری کے میدان میں اَنمِٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کے کاموں اور تخلیقات کو آنے والے برسوں میں بھی سراہا جائے گا۔×

**SITHARAMAN BIHAR VISIT**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کُل قرض تک رسائی کے ایک پروگرام میں 50 ہزار سے زیادہ مستفیدین کو ایک ہزار 121 روپے سے زیادہ مالیت کے قرضوں کی منظوری لیٹرس تقسیم کیے۔ اِس پروگرام کا انعقاد بہار کے مدھوبنی ضلع میں واقع جھنجھار پور میں کیا گیا تھا۔ محترمہ سیتا رمن نے پی ایم سواندھی، پی ایم وشوکرما، مُدرا، اسٹینڈ اپ انڈیا اور کسان کریڈٹ کارڈ اسکیموں کے تحت یہ قرضے تقسیم کیے۔ ان اسکیموں سے فائدہ حاصل کرنے والے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے سنگ میل کو حاصل کرنے کیلئے خواتین، ترقی کی انجن ثابت ہوں گی۔×

**MEA-INDIAN STUDENT**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امریکہ میں بھارتی طالب علم Nukarapu Sai Teja کے قتل پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا ہے کہ شکاگو میں واقع بھارتی قونصلیٹ، اُن کے اہل خانہ کو ہر ممکن مدد فراہم کررہا ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں شکاگو میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے قاتلوں کے خلاف فوری کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ قونصلیٹ مقتول طالب علم کے اہل خانہ اور دوستوں کو تمام ضروری مدد فراہم کرے گا۔×

**TRUMP BRICS CURRENCY**

امریکی صدر منتخب ڈونالڈ ٹرمپ نے برکس ممبر ممالک سے کہا ہے کہ وہ کوئی نئی کرنسی نہ جاری کریں اور نہ ہی کسی ایسی

کرنسی کی حمایت کریں جو امریکی ڈالر کی جگہ لے۔ جناب ٹرمپ نے انتباہ دیا کہ ایسا کرنے کی صورت میں امریکہ کی جانب سے سو فیصد **Tarrifs** عائد کردیے جائیں گے۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ انھیں برکس ممالک کی جانب سے یقین دہانی چاہے کہ وہ کوئی نئی برکس کرنسی جاری نہیں کریں گے اور نہ ہی امریکی ڈالر کی جگہ کسی اور کرنسی کی حمایت کریں گے۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ اس بات کا کوئی امکان نہیں ہے کہ برکس ممالک، بین الاقوامی تجارت میں امریکی ڈالر کے بدلے کسی اور کرنسی کو اپنائیں گے۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایسا کرنے کی کوشش کرنے والے ملک کو امریکہ کو خیر باد کہہ دینا چاہیے۔x

## HOCKEY-JUNIOR ASIA CUP

بھارت کے مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم نے کل عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ایشیاء کپ میں پول-اے کے اپنے میچ میں چینی تائپی کی ٹیم کو صفر کے مقابلے 16 گول سے کراری شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت 9 پوائنٹس کے ساتھ پول-اے میں سرفہرست ہے۔ اگلے میچ میں آج بھارت کا مقابلہ کوریا سے ہوگا۔x

## SYED MODI FINAL

لکھنؤ میں جاری سید مودی بین الاقوامی ٹورنامنٹ 2024 میں کل بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ فائنل میچز آج سہ پہر کھیلے جائیں گے۔ خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں سندھو نے **Unnati Hooda** کو اِکیس-بارہ ، اکیس-اُنیس سے ہرایا۔ فائنل میں اب سندھو کا مقابلہ چین کی کھلاڑی **Wu Luo Yu** سے ہوگا۔ مردوں کے سنگلز کے فائنل میں لکشیہ سین کا مقابلہ سنگاپور کے کھلاڑی **Jia Heng Jason Teh** سے ہوگا۔ لکشیہ سین نے سیمی فائنل میں جاپان کے **Shogo Ogawa** کو اکیس-آٹھ، اکیس-چودھ سے شکست دی۔

مکسڈ ڈبلز میں **Dhru Kapila** اور **Tanisha Crasto** کی جوڑی، چین کی جوڑی **Zhou Zhi Hong** اور **Yang Jia Yi** کو اکیس-سولہ، اکیس-پندرہ سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ فائنل میں اب اس جوڑی کا مقابلہ تھائی لینڈ کی جوڑی **Dechapol Puavaranukroh** اور **Supissara Paewsampran** سے ہوگا۔x

## DELHI POLLUTION

قومی راجدھانی میں ہوا کا معیار بدستور انتہائی ناقص کے زمرے میں ہے آج صبح 6 بجے درج کیا گیا ہوا کے معیار کا اشاریہ **AQI** ، 317 رہا۔ آلودی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ کے مطابق، قومی راجدھانی کے کچھ علاقوں میں **AQI** کا اشاریہ 350 کے پار ہوگیا۔ x

**DELHI POLICE BALYAN**

دلّی پولیس کی کرائم برانچ نے جبری وصولی اور گینگسٹر کپل ساگوان سے مبینہ طور پر رابطہ رکھنے کیلئے عام آدمی پارٹی کے MLA نریش بالیان کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ گرفتاری تحقیقات کے دوران MLA نریش بالیان اور کپل ساگوان کے درمیان بات چیت کا ایک آڈیو کِلپ ملنے کے بعد ہوئی ہے۔ پولیس نے مزید کہا کہ اس آڈیوکلپ میں تاجروں سے پھروتی کی رقم وصول کرنے سے متعلق بات چیت کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں مزید تحقیقات جاری ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے NCP لیڈر اجیت پوار کے اُس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ مہاراشٹر میں نئے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب 5 دسمبر کو ہوگی۔ روزنامہ پرتاپ نے بھارت اور سنگاپور کی فوجوں کے درمیان مشترکہ فوجی مشق کے اختتام کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق دونوں فوجوں کی سہ روزہ مشق اگنی واریئر2024، مہاراشٹر کے دیولالی میں ختم ہوئی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے 2 دسمبر کو ہونے والے عالمی تبلیغی اجتماع کے لیے بھارتی ریلوے کی جانب سے خصوصی انتظامات کی خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق مسافروں کی سہولت کے لیے بھوپال ریلوے اسٹیشن پر دو اضافی ٹکٹ کاؤنٹرس شروع کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اسٹیشن پر پینے کے پانی، خیمے اور روشنی کے اضافی انتظامات بھی کئے گئے ہیں۔ روزنامہ انقلاب نے لکھنو میں جاری سید مودی انٹرنیشنل بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں PV سندھو کے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ سیمی فائنل میں سندھو نے اُنّتی کو محض36 منٹ میں شکست دی۔ روزنامہ ملاپ نے تمل ناڈو اور پڈوچیری میں سمندری طوفان Fengal کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ تمل ناڈو کے ساحلی علاقوں میں شدید بارش اور تیز ہواؤں کا امکان ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے بھونیشور میں پولیس اور انٹلیجنس ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ سکیورٹی سے متعلق معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

.2 سمندری طوفان فینجل 70 سے 80 کلو میٹر فی گھنٹے کی تیز ہواؤں کے ساتھ شمالی تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلوں کو پار کر گیا ہے۔ اس طوفان کے کمزور ہوجانے کا امکان ہے۔

.3 مرکزی وزیر نتن گڈکری اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اگلے مہینے شروع ہونے والے مہا کنبھ کیلئے اہم سڑک پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

.4 امریکہ کے منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وفاقی تحقیقاتی بیورو FBI کی سربراہی کیلئے بھارت نژاد امریکی کاش پٹیل کو نامزد کیا ہے۔

.5 عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ہاکی ایشیاء کپ میں بھارت نے چینی تائپی کو صفر کے مقابلے 16 گول سے کراری شکست دی۔

.6 پی وی سندھو اور لکشیہ سین لکھنؤ میں جاری سید مودی بین الاقوامی بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---